# چیئرمین جائزہ رپورٹ

منجانب بورڈ آف ڈائریکٹرز، میں آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور دیگر معلومات برائے مالی سال اختتامیہ 30 ستمبر 2024 پیش کر رہا ہوں، نیز بورڈ کی مجموعی کارکردگی، کمپنی کے مقاصد کے حصول، کارپوریٹ مقاصد اور کمپنی کے ویژن اور مشن کے مطابق منصوبہ بندی کی حکمت عملی کی کامیابی کیلئے بورڈ کے کردار کے مؤثر ہونے سے متعلق جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

پاکستانی معیشت بازیابی کی جانب گامزن ہے، جس کی نشاندہی اہم معاشی سنگ میل سے ہوتی ہے جو کہ کچھ شرائط سے مشروط آئی ایم ایف کے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ (SBA) کی حتمی نظرثانی سے حاصل ہوا ہے۔ان میں سبسڈی کو ختم کرنے کے بعد توانائی کی قیمت میں اضافہ، مالیاتی اصلاحات، مارکیٹ کی قوتوں پر مبنی شرح مبادلہ، ٹیکس نظام میں وسعت، سرکاری تحویل میں چلنے والے اداروں کی نجکاری اور ٹیکس کے قوانین کی پاسداری جیسی شرائط شامل ہیں۔

مالی سال 24-2023 میں کمپنی کو درپیش سب سے بڑے مسائل میں خام مال کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، پاکستانی کرنسی کی گرتی ہوئی قدر، کاروبار کی لاگت میں اضافہ اور شوگر ملوں کے مابین گنے کے حصول کا سخت مقابلہ وغیرہ شامل تھے، علاوہ ازیں دیگر پیداواری لاگت میں بھی اضافے کا رجحان موجود رہا۔ اس مالی سال کے دوران چینی کی قیمت فروخت پیداواری لاگت کے مقابلے میں کم تھی، البتہ برآمدی کوٹے کی مد میں حکومت کی جانب سے چینی کو برآمد کرنے کی اجازت ملنے کے بعد چینی کی برآمد سے کمپنی کو کچھ فائدہ ہوا، برآمدات کی وجہ سے ایک جانب تو کمپنی اپنے نقصان میں کمی کر پائی، تو دوسری جانب کمپنی کو نقد رقوم کی ترسیل بھی میسر آئی، مجموعی طور پر ان برآمدات سے پوری انڈسٹری اور ملک کی معیشت کو بھی فائدہ پہنچا ہے۔

آپ کی کمپنی 515,994.296 میٹرک ٹن گنے کی پسائی کرنے کے قابل رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال اس عرصے کے دوران 406,402.792 میٹرک ٹن گنے کی پسائی کی گئی تھی، یومیہ اوسطاً 5,431.52 میٹرک ٹن گنا پیسا گیا، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اس عرصے کے دوران 4,781.20 میٹرک ٹن یومیہ گنے کی پسائی کی گئی تھی، 10.135% کی شرح ریکوری کے ساتھ چینی کی پیداوار 52,293.52 میٹرک ٹن رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اس عرصے کے دوران 10.135% کی شرح ریکوری کے ساتھ چینی کی پیداوار 41,711.250 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی تھی۔ اس سال کمپنی کو کاروبار میں سخت مسابقتی ماحول کا سامنا رہا اور کمپنی کی جانب سے قبل از تمام ٹیکس 80,321 ہزار روپے کے نقصان کا اعلان کیا گیا، جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران قبل از تمام ٹیکس 132,451 روپے کا منافع کمایا گیا تھا۔

میں انتہائی مسرت کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کی کمپنی کو پہلا ایوارڈ پاکستان سینٹر فار فلینتھراپی کی جانب سے کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے ضمن میں دیا گیا ہے، جو کہ منافع قبل از ٹیکس کی کیٹگری برائے سال 2023 کا ہے ہماری سی ایس آر کوششیں دوران سال خیر کے غیر منافع بخش کاموں کیلئے مختص رہیں۔

کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کی کاروباری سرگرمیوں اور کمپنی کی کمزوریوں اور طاقت سے بخوبی واقف ہیں، نیز بورڈ کمپنی کے وضع شدہ نظام سے مؤثر کارکردگی حاصل کرنے کی مکمل اہلیت رکھتے ہیں۔ بورڈ کی جانب سے اپنی اور چیف ایگزیکیٹو آفیسر کی کارکردگی برائے مالی سال 24-2023 کی خود احتسابی کا عمل مکمل کیا جا چکا ہے اور اس سلسلے میں یہ بات آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ طے شدہ ضوابط کی روشنی میں بورڈ اور چیف ایگزیکیٹو آفیسر کی کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیا گیا ہے۔

بورڈ اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ ایک معین کارپوریٹ گورننس طریقہ کار کارپوریٹ احتساب کے عمل کو مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، لہذا کمپنی کارپوریٹ کی اعلی روایات پر عمل پیرا ہونے کیلئے پرعزم ہے تاکہ کمپنی کے تمام شراکت داروں کی سرمایہ کاری کی قدر میں اضافہ ہو۔ بورڈ نے اپنے فرائض منصبی پر مستعدی کے ساتھ عمل کیا ہے اور کمپنی کی حکمت عملی اور گورننس کے معاملات میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ بورڈ کے تمام ممبران، بشمول غیر جانبدار ڈائریکٹرز، بورڈ میں فیصلہ سازی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ بورڈ کی جانب سے ایسی پالیسیاں مرتب کی گئی ہیں جو بورڈ کی تمام ذمہ داریوں اور کمپنی کے تمام افعال کا احاطہ کرتی ہیں۔

کمپنی کے افعال کو چلانے اور کنٹرول کرنے کیلئے بورڈ پر بنیادی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں، بورڈ کی جانب سے بعض انتہائی اہم امور بھی سرانجام دیئے گئے ہیں جیسا کہ بورڈ کے اجلاسوں میں شرکت کی گئی، اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ کمپنی تمام مروجہ قوانین اور اعلی روایات کی پابندی کی جائے، اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ کمپنی کے تمام اثاثوں کی حفاظت کیلئے مناسب اقدامات اٹھائے گئے ہیں، کمپنی کو لاحق تمام خطرات کی نشاندہی کی گئی اور تمام شراکت داروں تک صحیح معلومات بہم پہنچانے کیلئے مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا شفاف بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

بورڈ اس بات سے مکمل طور پر آگاہ ہے کہ سماجی اور گورننس کے معاملات سے متعلق اٹھائے جانے والے اقدامات کی وجہ سے سرمایہ کار سرمایہ کاری کی جانب راغب ہوتے ہیں، صارفین کے ساتھ دیرپا تعلقات قائم ہوتے ہیں، معاشی کارکردگی میں بہتری پیدا ہوتی ہے اور کاروباری افعال میں استقلال پیدا ہوتا ہے۔ کمپنی کی ای ایس جی (ESG) کی حکمت عملی ماحولیاتی، سماجی اور گورننس پالیسیوں میں استقلال پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے جس کے باعث طویل مدتی کاروباری قدر میں اضافہ ہوتا ہے۔ کمپنی کی ای ایس جی پالیسی کمپنی کو لاحق خطرات کو کم از کم کرنے، پیداواری لاگت کم از کم کرنے اور بقائے ماحولیات کے سلسلے میں کمپنی کے عزائم کی بھرپور غمازی کرتی ہے۔ سماجی و معاشی مسائل بشمول صارفین کی تشفی، ویسٹ مینجمنٹ، مساوات، تنوع اور شمولیت کے ضمن میں کمپنی پرعزم ہے۔ ای ایس جی کے اصولوں کو اپنی بنیادی حکمت عملی کا حصہ بناتے ہوئے، ہم اس بات کیلئے پرعزم ہیں کمپنی کا مستقبل استقلال اور منفعت پر مشتمل ہو۔ ہماری ای ایس جی کی پالیسی معاشی کارکردگی کے علاوہ بھی ہماری مجموعی کارکردگی کے مؤثر ہونے کا ایک پیمانہ ہے۔

میں اس بات کیلئے پر اعتماد ہوں کہ کمپنی اپنی ترقی کا سفر جاری رکھے گی اور کمپنی کی مستقل کاروباری ترقی اور شراکت داروں کی سرمایہ کاری کی قدر میں اضافہ کرنے کیلئے بورڈ اپنا اہم کردار ادا کرتا رہے گا۔ بطور ادارہ، ہم بنیادی اقدار کو مستحکم بنانے، وقت کے تقاضوں کا ساتھ دینے، بہتری کی جانب ارتقاء کا سفر جاری رکھنے اور ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض منصبی نبھانے میں اپنا کردار ادا کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔

اپنی جانب سے اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام اعلی افسران، دیگر افسران اور ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے جس اخلاص، ایمانداری اور محنت شاقہ کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اللہ رب العزت کی رحمت کے سائے تلے تمام افراد کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اسی جوش وجذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ اس موقع پر میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمارے شامل حال رہے۔

کراچی: 30 دسمبر 2024

غلام دستگیر راجڑ

چیئرمین